# این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

Shiko këtë dokument në shqip | اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথিটি বাংলা ভাষায় দেখুন
Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | 查看本文件的中文版
이 문서를 한국어로 보십시오 | Consulte este documento en español | Документ на русском языке
اس دستاویز کو اردو میں ملاحظہ کریں | Переглянути цей документ українською мовою | Ushbu hujjatni ichida ko'ring O'zbek

**schools.nyc.gov/messagesforfamilies**

## نومبر 2025

یہ تازہ ترین خبرنامہ اہلِ خانہ کو کنڈرگارٹن داخلے برائے 2026، آنے والے داخلوں کی حتمی تاریخیں، نومبر والدین- اساتذہ کانفرنسیں، 2025-26 تعلیمی سال کا پہلا موسمیاتی عمل کا دن (کلائمیٹ ایکش ڈے)، ریموٹ لرننگ کے لیے تیاری، اور نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

---

## مندرجات


- خزاں 2026 کے لیے کنڈرگارٹن داخلے
- داخلوں کی آنے والی آخری تاریخیں
- نومبر میں والدین- اساتذہ کانفرنسیں
- موسمیاتی عمل کا دن
- ریموٹ تعلیم کے لیے تیاری
- نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ


---

## کنڈرگارٹن کے داخلے 9 دسمبر سے کُھل رہے ہیں

**منگل، 9 دسمبر** سے شروع، نیویارک شہر کے بچے جو2021 میں پیدا ہوئے تھے خزاں 2026 کے کنڈرگارٹن داخلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ آپ **MySchools.nyc** میں کنڈرگارٹن قابل اور ہنر مند (G&T) اور دوہری زبان پروگراموں کو اپنے بچے کی درخواست میں شامل کر سکتے ہیں؛ G&T اہلیت کا تعین آپ کی درخواست دینے کے بعد کیا جائے گا۔ اس سال کے کنڈرگارٹن داخلہ کے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہمارے باضابطہ "کنڈرگارٹن" ویب پیج **schools.nyc.gov/K** پر جائیں۔

خزاں 2026 کنڈرگارٹن کی درخواست **جمعہ، 23 جنوری، 2026** کو بند ہو رہی ہے۔

---

## یاددہانی: داخلوں کی آنے والی آخری تاریخیں

دسمبر کے اوائل میں داخلوں کی دو اہم آخری تاریخیں آ رہی ہیں! ہائی اسکول کی درخواست **بدھ، 3 دسمبر** کو بند ہو جائے گی، اور مڈل اسکول کی درخواست **جمعہ، 12 دسمبر** کو بند ہو جائے گی۔ ہر داخلے کے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/Admissions** پر جائیں۔

---

## یاددہانی: والدین - اساتذہ کانفرنسیں

یاد دہانی کہ اس سال کی دوسری والدین - اساتذہ ورچوئل کانفرنسیں (PTCs) کا آغاز **جمعرات، 6 نومبر** سے ہو رہا ہے۔ دوپہرمیں ہونے والے والدین اساتذہ کانفرنسوں کی تاریخوں میں طلباء کی چھٹی عام دنوں میں ہونے والی چھٹی کے اوقات سے تین گھنٹے قبل کر دی جائے گی۔ شام میں ہونے والی والدین - اساتذہ کانفرنسیں شام 4:30 اور رات 8:00 بجے کے درمیان ہوں گی۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ ان تاریخوں اور اوقات میں اسکول اور گریڈ سطح کی وجہ سے فرق ہوسکتا ہے — اپنے بچے کے اسکول سے ان کی PTC شیڈیول کی تصدیق کرنے کے لیے رابطہ کریں اور یہ کہ اپنی کانفرنس کو کس طرح ترتیب دینا ہے، بشمول اگر آپ چاہتے ہیں کہ خود موجودگی میں ہو۔ تجاویز اور رہنمائی کے لیے **schools.nyc.gov/ptc** پر جائیں۔

---

## موسمیاتی عمل کا دن

2025–26 تعلیمی سال کا پہلا NYCPS موسمیاتی عمل کا دن **بدھ، 19 نومبر** قریب آ رہا ہے! ہر موسمیاتی عمل کے دن پر، NYC پبلک اسکول برادریاں ایسی سرگرمیوں میں شریک ہوتی ہیں جو موسمیاتی تعلیم اور پائیداری کے طریقوں کو اجاگر کرتی ہیں اور جس کا تعلق اس دن کے موضوع سے ہوتا ہے۔ نومبر کے لیے موضوع "کچرا" ہے، جو اسکولوں کو اس مہینے کی ایسی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جن سے طلباء اور اہل خانہ کو ان کے اپنے گھریلو کچرے کی تعداد کو کم سے کم کرنے کی اہمیت کو سمجھنے میں مدد کر سکے۔ مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/ClimateAction** پر جائیں۔

---

## ریموٹ لرننگ کے لیے تیاری

اب جبکہ موسم سرما نزدیک آ رہا ہے، یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اگر اسکول کی عمارتوں کو خراب موسم کی وجہ سے بند کرنا لازمی ہو جائے، K–12 کے تمام طلباء گھر سے ریموٹ لرننگ میں شرکت کریں گے۔ وہ بچے جو LYFE یا ایک 3K یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں کسی ایلیمنٹری اسکول یا پری کنڈرگارٹن مرکز میں جا رہے ہیں انہیں اپنے پروگرام کے تشکیل کردہ ریموٹ لرننگ تجربات کے تحت حصہ لینا چاہیے۔

اگر آپ کے بچے کو ابھی بھی NYCPS کا فراہم کردہ ایک کام کرتا ہوا، انٹرنیٹ سے منسلک آلہ (ڈیوائس) درکار ہے، اپنے اسکول سے براہ راست بات کریں۔ یہ جاننے کے لیے کہ اپنے مستعار کردہ ڈیوائس کو کیسے استعمال کرنا ہے **schools.nyc.gov/NYCPSdevices** پر رہنمائی حاصل کریں۔

آپکے بچے کو ریموٹ لرننگ میں حصہ لینے کے لیے جن وسائل کی ضرورت ہے ان سے اپنے آپ کو قبل از وقت مانوس کریں:

- NYCPS کے ہر سرگرم طالب علم کو ایک **NYCPS Student Account** تفویض کیا گیا ہے، جو انہیں ایک لاگ ان کے ذریعے، NYCPS کے تمام ڈیجیٹل تدریسی ٹولز سے مربوط کر دیتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/StudentAccounts** پر جائیں۔
  - اگر آپ اپنے بچے کے NYCPS اکاونٹ کے صارف نام اور پاس ورڈ کے بارے میں غیر یقینی ہیں، برائے مہربانی **selfservice.schools.nyc** پر جائیں یا معاونت کے لیے اپنے اسکول سے بات کریں۔
- NYCPS کے زیر استعمال ڈیجیٹل لرننگ ٹولز، ایپلیکیشنز اور پلیٹ فارم کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/DigitalLearning** پر جائیں۔

---

## نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA)

**این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA)** پر سائن اپ ہونے کے لیے **schools.nyc.gov/NYCSA** پر دی گئی ہدایات ہر عمل کریں۔ آپ اپنے بچے کے گریڈز، ذرائع نقل و حمل، حاضری، انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) (اگر قابل اطلاق ہو) اور دیگر تازہ ترین معلومات کے لیے NYCPS استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کا اسکول NYCPS اور سالانہ "نیلے کارڈ" میں فراہم کردہ رابطہ معلومات استعمال کرتا ہے، لہٰذا یقینی بنائیں کہ آپ کی ہنگامی صورتحال میں رابطہ معلومات تازہ ترین اور درست ہیں!

NYCSA کے ساتھ آپ یہ بھی کر سکتے ہیں:

- اپنے بچے کے اسکول کے لیے ڈیجیٹل فارمز مکمل کر کے دستخط کریں۔.
- SupportHub (**supporthub.schools.nyc**) کے ذریعے NYCPS آلات اور پلیٹ فارمز کے لیے تکنیکی مدد حاصل کریں۔
- والدین کے گروپس جیسے کہ کمیونٹی اور شہرگیر تعلیمی کونسلیں (CCECs) اور اپنے اسکول کی انجمنِ والدین / والدین اساتذہ کی انجمن (PA/PTA) سے معلومات موصول کریں۔